

# اَلرَّحْمٰن

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

| | |
|---|---|
| اَلرَّحْمٰنُ ۙ ﴿١﴾ | وہ جو نہایت مہربان ہے۔ |
| عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ؕ ﴿٢﴾ | تعلیم فرمائی اسی نے قرآن کی۔ |
| خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۙ ﴿٣﴾ | پیدا کیا اسی نے انسان کو۔ |
| عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿٤﴾ | سکھایا اسی نے بولنا اسکو۔ |
| اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۙ ﴿٥﴾ | سورج اور چاند پابند ہیں ایک حساب کے۔ |
| وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ ﴿٦﴾ | اور جھاڑیاں اور درخت اسکو سجدہ کر رہے ہیں۔ |
| وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ۙ ﴿٧﴾ | اور آسمان کو بلند کیا اسی نے اور قائم کر دیا میزان عدل۔ |

SurahRahmanPDF.com

| | |
|---|---|
| اَلَّا تَطۡغَوۡا فِی الۡمِیۡزَانِ ﴿۸﴾ | تاکہ نہ تجاوز کرو حد سے نظام میزان میں ۔ |
| وَ اَقِیۡمُوا الۡوَزۡنَ بِالۡقِسۡطِ وَ لَا تُخۡسِرُوا الۡمِیۡزَانَ ﴿۹﴾ | اور قائم کرو صحیح تول انصاف کے ساتھ اور مت کم کرو تولتے وقت ۔ |
| وَ الۡاَرۡضَ وَضَعَهَا لِلۡاَنَامِ ﴿۱۰﴾ | اور زمین بچھائی اسی نے خلقت کے لئے ۔ |
| فِیۡهَا فَاکِهَةٌ ۪ۙ وَّ النَّخۡلُ ذَاتُ الۡاَکۡمَامِ ﴿۱۱﴾ | اس میں میوے ہیں اور کھجور کے درخت ہیں جنکے خوشوں پر غلاف ہوتے ہیں ۔ |
| وَ الۡحَبُّ ذُو الۡعَصۡفِ وَ الرَّیۡحَانُ ﴿۱۲﴾ | اور اناج بھوسے والا اور خوشبودار پھول ۔ |
| فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۱۳﴾ | تو کونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ |
| خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ صَلۡصَالٍ کَالۡفَخَّارِ ﴿۱۴﴾ | پیدا کیا اسنے انسان کو ٹھیکرے کی طرح کھنکھناتی مٹی سے ۔ |
| وَ خَلَقَ الۡجَآنَّ مِنۡ مَّارِجٍ مِّنۡ نَّارٍ ﴿۱۵﴾ | اور پیدا کیا اسنے جنات کو شعلے سے آگ کے ۔ |
| فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۱۶﴾ | تو کونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ |

| | |
|---|---|
| رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ۚ ١٧ | رب دونوں مشرقوں اور رب دونوں مغربوں کا ۔ |
| فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ١٨ | توکونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ |
| مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیٰنِ ۙ ١٩ | رواں کیے اسنے دو دریا جو آپس میں ملتے ہیں ۔ |
| بَیْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیٰنِ ۚ ٢٠ | دونوں میں ہے ایک آڑ نہیں کرتے تجاوز ۔ |
| فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ٢١ | توکونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ |
| یَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ۚ ٢٢ | نکلتے ہیں ان دونوں میں سے موتی اور مونگے ۔ |
| فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ٢٣ | توکونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ |
| وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ فِی الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ۚ ٢٤ | اور اسی کے ہیں جہاز بھی جو اونچے کھڑے ہوتے ہیں سمندر میں پہاڑوں کی طرح ۔ |
| فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ع ٢٥ | توکونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ |
| كُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ ۚ ٢٦ | جو کچھ ہے اس (زمین) پر اسکو فنا ہونا ہے ۔ |

| | |
|---|---|
| وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۚ ٢٧ | اور باقی رہے گی ذات تیرے رب کی جو صاحب جلال اور احسان کرنیوالا ہے ۔ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ٢٨ | تو کونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ |
| يَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ۚ ٢٩ | مانگتا ہے اسی سے جو کوئی ہے آسمانوں میں اور زمین میں ۔ ہر روز وہ کسی کام میں ہوتا ہے ۔ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ٣٠ | تو کونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ |
| سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ۚ ٣١ | عنقریب ہم فارغ ہوتے ہیں تمہاری طرف اے دو بوجھل جماعتوں (جن اور انسان) ۔ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ٣٢ | تو کونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ |
| يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۚ ٣٣ | اے گروہوں جنوں اور انسانوں کے اگر تمہیں قدرت ہو کہ نکل جاؤ تم کناروں سے آسمانوں اور زمین کے تو نکل جاؤ۔ نہیں نکل سکتے تم سوائے زور کے ۔ |

SurahRahmanPDF.com

| | |
|---|---|
| تو کونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے۔ | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٤﴾ |
| چھوڑ دیئے جائیں گے تم پر شعلے آگ کے اور دھواں تو پھر نہ کر سکو گے تم انکا مقابلہ۔ | يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿٣٥﴾ |
| تو کونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے۔ | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٦﴾ |
| پھر جب پھٹ جائیگا آسمان تو ہو جائے گا وہ گلابی تیل کی تلچھٹ کی طرح۔ | فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ﴿٣٧﴾ |
| تو کونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے۔ | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٨﴾ |
| تو اس روز نہ پوچھا جائیگا اسکے گناہوں کے بارے میں کسی انسان سے اور نہ کسی جن سے۔ | فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖۤ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ﴿٣٩﴾ |
| تو کونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے۔ | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٠﴾ |
| پہچانے جائینگے مجرم اپنے چہروں سے پھر پکڑے جائیں گے پیشانی کے بالوں اور پاؤں سے۔ | يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَالْاَقْدَامِ ﴿٤١﴾ |

SurahRahmanPDF.com

| | |
|---|---|
| تو کونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ | فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿٤٢﴾ |
| یہی ہے وہ جہنم جھٹلایا کرتے تھے جسے مجرم لوگ ۔ | هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِیۡ یُکَذِّبُ بِهَا الۡمُجۡرِمُوۡنَ ﴿٤٣﴾ |
| گھومتے پھریں گے وہ درمیان میں اس (دوزخ) کے اور کھولتے ہوئے گرم پانی کے ۔ | یَطُوۡفُوۡنَ بَیۡنَهَا وَبَیۡنَ حَمِیۡمٍ اٰنٍ ﴿٤٤﴾ ج |
| تو کونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ | فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿٤٥﴾ ع |
| اور جو ڈرا کھڑے ہونے سے اپنے رب کے سامنے ۔ (اسکے لئے) دو جنتیں ہیں ۔ | وَلِمَنۡ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ﴿٤٦﴾ ج |
| تو کونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ | فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿٤٧﴾ لا |
| بہت سی شاخوں والے (درخت) ۔ | ذَوَاتَاۤ اَفۡنَانٍ ﴿٤٨﴾ ج |
| تو کونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ | فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿٤٩﴾ |
| ان میں دو چشمے بہ رہے ہونگے ۔ | فِیۡهِمَا عَیۡنٰنِ تَجۡرِیٰنِ ﴿٥٠﴾ ج |

| | |
|---|---|
| فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝٥١ | تو کونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ |
| فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ۝٥٢ ج | ان میں ہر طرح کے پھل دو قسم کے ہونگے ۔ |
| فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝٥٣ | تو کونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ |
| مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰي فُرُشٍۢ بَطَاۗىِٕنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ۭ وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ۝٥٤ ج | تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے ایسے بچھونوں پر جنکے استر ریشم کے ہیں ۔ اور پھل دونوں باغوں کے نزدیک جھک رہے ہونگے ۔ |
| فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝٥٥ | تو کونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ |
| فِيْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَاۗنٌّ ۝٥٦ ج | ہونگی ان میں شرمیلی نگاہوں والیاں نہ چھوا ہوگا جنکو کسی انسان نے ان سے پہلے اور نہ کسی جن نے ۔ |
| فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝٥٧ ج | تو کونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ |
| كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ۝٥٨ ج | گویا وہ ہیں یاقوت اور مرجان ۔ |
| فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝٥٩ | تو کونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ |

SurahRahmanPDF.com

| | |
|---|---|
| هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ۚ ٦٠ | نہیں ہے جزاء عمدہ نیکی کی مگر یہ کہ بدلہ ہے اعلیٰ درجہ کا۔ |
| فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ٦١ | توکونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے۔ |
| وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ۚ ٦٢ | اور ان دونوں کے علاوہ دو جنتیں اور ہیں۔ |
| فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۙ ٦٣ | توکونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے۔ |
| مُدْهَآمَّتٰنِ ۚ ٦٤ | دونوں گہری سبز رنگ کی شاداب۔ |
| فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۚ ٦٥ | توکونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے۔ |
| فِیْهِمَا عَیْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ۚ ٦٦ | ان دونوں میں ہیں دو چشمے ابلتے ہوئے۔ |
| فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ٦٧ | توکونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے۔ |
| فِیْهِمَا فَاکِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ۚ ٦٨ | ان دونوں میں ہیں پھل اور کھجوریں اور انار۔ |
| فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۚ ٦٩ | توکونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے۔ |

| | |
|---|---|
| فِيهِنَّ خَيْرٰتٌ حِسَانٌ ﴿٧٠﴾ | ان میں ہونگی نیک سیرت خوبصورت عورتیں ۔ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧١﴾ | توکونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ |
| حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِي الْخِيَامِ ﴿٧٢﴾ | وہ حوریں جو محفوظ ہیں خیموں میں ۔ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٣﴾ | توکونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ |
| لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَ لَا جَآنٌّ ﴿٧٤﴾ | نہ چھوا ہوگا جنکو کسی انسان نے ان سے پہلے اور نہ کسی جن نے ۔ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٥﴾ | توکونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ |
| مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿٧٦﴾ | تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے مسندوں پر سبز رنگ کے اور خوبصورت نفیس ۔ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٧﴾ | توکونسی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے ۔ |
| تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿٧٨﴾ | بابرکت ہے نام تیرے رب کا جو صاحب عظمت ہے اور احسان کرنے والا ہے ۔ |

SurahRahmanPDF.com